# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON FEDERAL EDUCATION AND PROFESSIONAL TRAINING ON THE NATIONAL SKILLS UNIVERSITY ISLAMABAD (AMENDMENT) BILL, 2023

I, Chairman of the Standing Committee on Federal Education and Professional Training, have the honor to present this report on the Bill to amend the National Skills University Islamabad Act, 2018 (VIII of 2018) [The National Skills University Islamabad (Amendment) Bill, 2023] (Government Bill) referred to the Committee on 3rd February, 2023.

2. The Committee comprises the following:-

| | | |
|---|---|---|
| **(1)** | **Makhdoom Syed Sami-ul-Hassan Gillani** | **Chairman** |
| (2) | Ms. Mehnaz Akbar Aziz | Member |
| (3) | Mr. Nisar Ahmad Cheema | Member |
| (4) | Ch. Muhammad Hamid Hameed | Member |
| (5) | Mian Najeeb Ud Din Awaisi | Member |
| (6) | Dr. Zulfiqar Ali Bhatti | Member |
| (7) | Ms. Musarrat Asif Khawaja | Member |
| (8) | Ms. Kiran Imran Dar | Member |
| (9) | Dr. Samina Matloob | Member |
| (10) | Ms. Zahra Wadood Fatemi | Member |
| (11) | Ms. Shamim Ara Panhwar | Member |
| (12) | Ms. Mussarat Rafique Mahesar | Member |
| (13) | Dr. Shazia Sobia Aslam Soomro | Member |
| (14) | Mr. Asmatullah | Member |
| (15) | Mrs. Farukh Khan | Member |
| (16) | Dr. Muhammad Afzal Khan Dhandla | Member |
| (17) | Mr. Muhammad Abdul Ghafar Wattoo | Member |
| (18) | Mr. Aamir Talal Gopang | Member |
| (19) | Ms. Javairia Zafar Aheer | Member |
| (20) | Rana Tanveer Hussain<br>Minister for Federal Education and Professional Training, National Heritage and Culture | Ex-officio Member |

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly, placed at **Annex-A**, in its meetings held on February 21st and 31st March, 2023 and proposed the following amendment, therein:-

**Clause 2**

In clause 2;-

i) the expression "and (9)", shall be omitted.
ii) the expression, "and shall always be deemed to have been so substituted", shall be omitted.
iii) the proposed sub-clause (9), shall be omitted.

4. The Committee recommended that the Bill as amended, placed at **Annex-B,** may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**(TAHIR HUSSAIN)**
Secretary
Islamabad, the 20th April, 2023

**Sd/-**
**(MAKHDOOM SYED SAMI-UL-HASSAN GILLANI)**
Chairman

**ANNEXURE-A**

**[AS INTRODUCED IN THE NATIOANL ASSSEMBLY]**

A

Bill

to amend the National Skills University Islamabad Act, 2018

Whereas, it is expedient to amend the National Skills University Islamabad Act, 2018 (VIII of 2018), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the National Skills University Islamabad (Amendment) Bill, 2023.

(1) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 3, Act VIII of 2018.-** In the National Skills University Islamabad Act, 2018 (VIII of 2018), in section 3, for sub-sections (8) and (9), the following shall be substituted and shall always be deemed to have been so substituted, namely:-

> "(8) Notwithstanding anything contained in any other law for the time in force, all civil servants of the Government serving in the NISTE Islamabad immediately before the commencement of this Act are rendered surplus in the manner applicable to reorganization or abolition of a ministry, division, department, office or abolition of a post in pursuance of any Government decision and shall be appointed in a ministry, division, department or office of the Government to a post carrying basic pay scale equal to the post held by that civil servant before such appointment, if he possesses the qualifications and fulfills other conditions applicable to that post, provided that where no equivalent post is available, he may be offered a lower post in such manner and subject to such conditions as may be prescribed and where such civil servant is appointed to a lower post, the pay being drawn by him in the higher post immediately preceding his appointment to a lower post shall remain protected.
>
> (9) Till such time the civil servants rendered surplus under sub-section (8) are absorbed on other posts in accordance with the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) and the rules made thereunder, they stand transferred to the University on the terms and conditions of their service existing immediately before commencement of this Act and notwithstanding anything contained in any other law for the time being in force or contract or agreement of their employment, no compensation or damages shall be admissible by virtue of such transfer and rendering them surplus."

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The Parliament of Pakistan approved the Act to upgrade the then National Institute of Science and Technology Education (NISTE) into National Skills University (NSU), Islamabad in March 2018. Subsequently, the President of Pakistan approved NSU Charter on March 12, 2018.

The purpose of the Bill is to amend the NSU Act, 2018 is to protect the rights of 58 employees working as civil servants in NSU who have exercised their option to remain an employee of the NSU and are drawing pay of civil services will be placed on the disposal of surplus pool of Establishment Division.

The Cabinet considered the summary dated 9th December, 2022, submitted by the Ministry of Federal Education and Professional Training, which was circulated in terms of rule 17(1)(b) read with Rules of Business, 1973, for amendments in the National Skills University Act, 2018 and approved the proposal at para 5 of the summary.

Sd/-
**(Rana Tanveer Hussain)**
Minister for Federal Education
and Professional Training

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## قومی یونیورسٹی برائے ہنر مندی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء پر قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم وپیشہ وارانہ تربیت کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم وپیشہ وارانہ تربیت ۳؍فروری، ۲۰۲۳ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی یونیورسٹی برائے ہنر مندی، اسلام آباد ایکٹ، ۲۰۱۸ء (ایکٹ نمبر ۸ مجریہ ۲۰۱۸ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [ قومی یونیورسٹی برائے ہنر مندی، اسلام آباد (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء] (سرکاری بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی حسب ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی | چیئرمین |
| ۲۔ | محترمہ مہناز اکبر عزیز | رکن |
| ۳۔ | جناب نثار احمد چیمہ | رکن |
| ۴۔ | چوہدری محمد حامد حمید | رکن |
| ۵۔ | میاں نجیب الدین اویسی | رکن |
| ۶۔ | ڈاکٹر ذوالفقار علی بھٹی | رکن |
| ۷۔ | محترمہ مسرت آصف خواجہ | رکن |
| ۸۔ | محترمہ کرن عمران ڈار | رکن |
| ۹۔ | ڈاکٹر ثمینہ مطلوب | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ زہرا ودود فاطمی | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ شمیم آراء پنہوار | رکن |
| ۱۲۔ | محترمہ مسرت رفیق مہیسر | رکن |
| ۱۳۔ | ڈاکٹر شازیہ ثوبیہ اسلم سومرو | رکن |
| ۱۴۔ | جناب عصمت اللہ | رکن |
| ۱۵۔ | محترمہ فرخ خان | رکن |
| ۱۶۔ | ڈاکٹر محمد افضل خان ڈھانڈلہ | رکن |
| ۱۷۔ | جناب محمد عبدالغفار وٹو | رکن |
| ۱۸۔ | جناب عامر طلال گوپانگ | رکن |
| ۱۹۔ | محترمہ جویریہ ظفر آہیر | رکن |
| ۲۰۔ | رانا تنویر حسین<br>وزیر برائے وفاقی تعلیم وپیشہ وارانہ تربیت | رکن بالحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۲۱؍فروری، اور ۳۱؍مارچ، ۲۰۲۳ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور اس میں حسب ذیل ترمیم تجویز کی:۔

### شق ۲

شق ۲ میں:

i) لفظ اور ہندسہ "اور (۹)" حذف کر دیئے جائیں گے۔

ii) الفاظ "اور ہمیشہ پیش کیا گیا تصور کیا جائے گا" حذف کر دیئے جائیں گے۔

iii) مجوزہ ذیلی شق حذف کر دی جائے گی۔

۴۔ کمیٹی نے سفارش کی کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ب پر رکھے گئے ترمیم شدہ صورت میں بل کو منظور کرے۔

دستخط/۔
**(طاہر حسین)**
سیکرٹری

دستخط/۔
**(مخدوم سید سمیع الحسن گیلانی)**
چیئرمین

اسلام آباد، ۲۰؍اپریل، ۲۰۲۳ء

**منسلکہ۔الف**

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی اسلام آباد ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں

# ترمیم کا بل

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں رونما ہونے والی اغراض اور طریقہ کار میں قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی اسلام آباد ایکٹ، ۲۰۱۸ء (۸ بابت ۲۰۱۸ء) میں ترمیم کی جائے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۸ بابت ۲۰۱۸ء، کی دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی اسلام آباد ایکٹ۔ ۲۰۱۸ء (۸ بابت ۲۰۱۸ء) میں، دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعات (۸) اور (۹) کے لیئے، حسب ذیل کو تبدیل کردیا جائے گا اور ہمیشہ سے اس طرح ترمیم کردہ متصور ہوگا، یعنی:۔

"(۸) فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوصف اس ایکٹ کے آغاز نفاذ سے فوری قبل NISTE، اسلام آباد میں حکومت کی ملازمت کرنے والے تمام سول ملازمین کو کسی بھی حکومتی فیصلے کی پیروی میں ایسے طریقہ کار میں سرپلس کردیا جائے گا جو کہ وزارت، ڈویژن، محکمے، دفتر کی تنظیم نو یا خاتمے پر یا کسی آسامی کے خاتمے پر لاگو ہوتا ہے اور اُن کا تقرر کسی وزارت، ڈویژن، محکمے یا سرکاری دفتر میں اس آسامی پر کیا جائے گا جو کہ اس بنیادی تنخواہ کے اسکیل کی حامل ہو جو کہ وہ سرکاری ملازم مذکورہ تقرری سے قبل رکھتا تھا، اگر وہ قابلیت رکھتا ہو اور اس عہدے پر لاگو ایسی دیگر شرائط پر پورا اُترتا ہو، مگر شرط یہ ہے کہ جہاں اس کے مساوی آسامی دستیاب نہ ہو تو، اسے کم تر آسامی پر ایسے طریقہ کار اور شرائط کے تابع پیش کی جاسکتی ہے جیسا کہ مصرحہ ہو اور جہاں مذکورہ سول ملازم کا کم تر آسامی پر تقرر کیا گیا ہو، تو اس کم تر آسامی پر تقرر سے فی الفور قبل اعلیٰ آسامی پر حاصل کردہ اس کی تنخواہ کو تحفظ حاصل رہے گا۔

(۹) اس وقت تک سول ملازمین جنہیں سرپلس کیا گیا ہو ذیلی دفعہ (۸) کے تحت دیگر آسامیوں پر سول ملازمین ایکٹ ۱۹۷۳ء (۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کے تابع مدغم کیئے جاسکتے ہیں، تو انہیں اس ایکٹ کے آغاز نفاذ سے فوری قبل اُن کی ملازمت کی قیود و شرائط پر یونیورسٹی میں منتقل کردہ متصور کیا جائے گا

اور فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون یا ان کی ملازمت کے معاہدے یا اقرار نامے میں شامل کسی امر کے باوجود، مذکورہ منتقلی یا ان کے سرپلس کیئے جانے کی باوصف کسی معاوضہ یا ہرجہ کے حق دار نہ ہوں گے"

## بیان اغراض ووجوہ

پاکستان کی پارلیمنٹ نے مارچ، ۲۰۱۸ء کو اس وقت کے قومی ادارہ برائے سائنس و تکنیکی تعلیم (NISTE) کو قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی (NSU) اسلام آباد کے طور پر اپ گریڈ کرنے کے لئے ایکٹ کی منظوری دی تھی۔ بعدازاں صدر مملکت پاکستان نے ۱۲ مارچ ۲۰۱۸ء کو NSU کے چارٹر کی منظوری دی۔

بل کا مقصد NSU ایکٹ، ۲۰۱۸ء کو ترمیم کرنا ہے تا کہ NSU میں کام کرنے والے ۵۸ سول ملازمین کے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے جنھوں نے NSU کے ملازم کے طور پر رہنے کا اختیار استعمال کیا تھا اور سول خدمات کی تنخواہ لیتے رہے ہیں اُن کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے سرپلس پول پر رکھا جا سکے گا۔

کابینہ نے وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تعلیم کی ۹ دسمبر ۲۰۲۲ء کی ارسال کردہ سمری پر غور خوض کیا ہے، جو کہ قاعدہ (ب) (ا) ۱۷ کی شرائط کو قواعد ہائے کار ۱۹۷۳ء کے ساتھ ملا کر پڑھتے ہوئے کے تابع اس کو گردش (Circulate) گیا گیا تا کہ "قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی ایکٹ، ۲۰۱۸ء کی ترامیم" کی جا سکیں اور سمری کے پیرا ۵ پر دی گئی تجویز کی منظوری دی گئی ہے۔

(رانا تنویر حسین)

وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

**منسلکہ۔ب**

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

# قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی اسلام آباد ایکٹ، ۲۰۱۸ء میں ترمیم کا بل

ہرگاہ کہ، یہ قرین مصلحت ہے کہ بعدازیں رونما ہونے والی اغراض اور طریقہ کار میں قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی اسلام آباد ایکٹ، ۲۰۱۸ء (۸ بابت ۲۰۱۸ء) میں ترمیم کی جائے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی (ترمیمی) بل، ۲۰۲۳ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۸ بابت ۲۰۱۸ء، کی دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی اسلام آباد ایکٹ۔ ۲۰۱۸ء (۸ بابت ۲۰۱۸ء) میں، دفعہ ۳ میں، ذیلی دفعہ (۸) کے لیئے، حسب ذیل کو تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۸) فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوصف اس ایکٹ کے آغاز نفاذ سے فوری قبل NISTE، اسلام آباد میں حکومت کی ملازمت کرنے والے تمام سول ملازمین کو کسی بھی حکومتی فیصلے کی پیروی میں ایسے طریقہ کار میں سرپلس کر دیا جائے گا جو کہ وزارت، ڈویژن، محکمے، دفتر کی تنظیم نو یا خاتمے پر یا کسی آسامی کے خاتمے پر لاگو ہوتا ہے اور اُن کا تقرر کسی وزارت، ڈویژن، محکمے یا سرکاری دفتر میں اس آسامی پر کیا جائے گا جو کہ اس بنیادی تنخواہ کے اسکیل کی حامل ہو جو کہ وہ سرکاری ملازم مذکورہ تقرری سے قبل رکھتا تھا، اگر وہ قابلیت رکھتا ہو اور اس عہدے پر لاگو ایسی دیگر شرائط پر پورا اُترتا ہو، مگر شرط یہ ہے کہ جہاں اس کے مساوی آسامی دستیاب نہ ہو تو، اسے کم تر آسامی پر ایسے طریقہ کار اور شرائط کے تابع پیش کی جاسکتی ہے جیسا کہ مصرحہ ہو اور جہاں مذکورہ سول ملازم کا کم تر آسامی پر تقرر کیا گیا ہو، تو اس کم تر آسامی پر تقرر سے فی الفور قبل اعلیٰ آسامی پر حاصل کردہ اس کی تنخواہ کو تحفظ حاصل رہے گا۔"

# بیان اغراض و وجوہ

پاکستان کی پارلیمنٹ نے مارچ، ۲۰۱۸ء کو اس وقت کے قومی ادارہ برائے سائنس و تکنیکی تعلیم (NISTE) کو قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی (NSU) اسلام آباد کے طور پر اپ گریڈ کرنے کے ایکٹ کی منظوری دی تھی۔ بعد ازاں صدر مملکت پاکستان نے ۱۲ مارچ ۲۰۱۸ء کو NSU کے چارٹر کی منظوری دی۔

اس بل کا مقصد NSU ایکٹ، ۲۰۱۸ء کو ترمیم کرنا ہے تاکہ NSU میں کام کرنے والے ۵۸ سول ملازمین کے حقوق کا تحفظ کیا جا سکے جنھوں نے NSU کے ملازم کے طور پر رہنے کا اختیار استعمال کیا تھا اور سول خدمات کی تنخواہ لیتے رہے ہیں اُن کو اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے سرپلس پول پر رکھا جاسکے گا۔

کابینہ نے وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ تعلیم کی ۹ دسمبر ۲۰۲۲ء کی ارسال کردہ سمری پر غور خوض کیا ہے، جو کہ قاعدہ ۱۷(۱)(ب) کی شرائط کو قواعد ہائے کار ۱۹۷۳ء کے ساتھ ملا کر پڑھتے ہوئے، کے تابع اس کو گردش (Circulate) گیا گیا تاکہ "قومی یونیورسٹی برائے ہنرمندی ایکٹ، ۲۰۱۸ء کی ترامیم" کی جاسکیں اور سمری کے پیرا ۵ پر دی گئی تجویز کی منظوری دی گئی ہے۔

(رانا تنویر حسین)

وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

**ANNEXURE-B**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

A

Bill

to amend the National Skills University Islamabad Act, 2018

**WHEREAS,** it is expedient to amend the National Skills University Islamabad Act, 2018 (VIII of 2018), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the National Skills University Islamabad (Amendment) Bill, 2023.

(1) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 3, Act VIII of 2018.-** In the National Skills University Islamabad Act, 2018 (VIII of 2018), in section 3, for sub-section (8), the following shall be substituted, namely:-

> "(8) Notwithstanding anything contained in any other law for the time in force, all civil servants of the Government serving in the NISTE Islamabad immediately before the commencement of this Act are rendered surplus in the manner applicable to reorganization or abolition of a ministry, division, department, office or abolition of a post in pursuance of any Government decision and shall be appointed in a ministry, division, department or office of the Government to a post carrying basic pay scale equal to the post held by that civil servant before such appointment, if he possesses the qualifications and fulfills other conditions applicable to that post, provided that where no equivalent post is available, he may be offered a lower post in such manner and subject to such conditions as may be prescribed and where such civil servant is appointed to a lower post, the pay being drawn by him in the higher post immediately preceding his appointment to a lower post shall remain protected."

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The Parliament of Pakistan approved the Act to upgrade the then National Institute of Science and Technology Education (NISTE) into National Skills University (NSU), Islamabad in March 2018. Subsequently, the President of Pakistan approved NSU Charter on March 12, 2018.

The purpose of the Bill is to amend the NSU Act, 2018 is to protect the rights of 58 employees working as civil servants in NSU who have exercised their option to remain an employee of the NSU and are drawing pay of civil services will be placed on the disposal of surplus pool of Establishment Division.

The Cabinet considered the summary dated 9th December, 2022, submitted by the Ministry of Federal Education and Professional Training, which was circulated in terms of rule 17(1)(b) read with Rules of Business, 1973, for amendments in the National Skills University Act, 2018 and approved the proposal at para 5 of the summary.

Sd/-
**(Rana Tanveer Hussain)**
Minister for Federal Education
and Professional Training